SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**May 11, 2017**

***For immediate release***

ایس ای سی پی کے زیر اہتمام فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام کا انعقاد

اسلام آباد (۱۱ مئی) سکیوٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے اسلام آباد اور لاہور اور دیگر شہروں کی یونی ورسٹیوں کے ایک سو بیس اساتذہ کے لئے سرمایہ کاری اور مالیاتی نظم کی ضرورت اور اہمیت اجاگر کرنے کے منعقد کئے جانے والے دو روزہ سیمینارز اختتام پزیر ہوگئے۔ یہ سیمینار ہائر ویجو کیشن کمیشن اور ورلڈ بینک کے تعاون سے منعقد کئے گئے۔

مالیاتی امور پر آگہی فراہم کرنے کے سلسلے میں یہ سیمینار ایس ای سی پی اور ہائر ایجو کیشن کمیشن کے مابین ایک مفاہمتی یاداشت کے تحت منعقد کئے جارہے ہیں۔ان سیمینارز کا مقصد یونیورسٹی کے اساتذہ میں مالیاتی امور، مالیاتی نظم،بچتوں کی اہمیت اور سرمایہ کاری کے قانونی مواقع پر آگہی فراہم کرنا ہے تاکہ اساتذہ سے معلومات اور آگہی اپنے طلبہ کو منتقل کر سکیں۔ ان پروگراموں میں شرکا کو ایس ای سی پی کے فرائض اور ذمہ داریوں اور دائرہ کار کے بارے میں بریفنگ بھی دی جاتی ہے۔ اس آگہی مہم کا مقصد عوام اور خاص طور پر نوجوانوں کو مالیاتی نظم کی اہمیت سے آگاہ کرنا اور ضروری معلومات فراہم کرنا ہے تاکہ وہ کسی بھی قسم کے مالیاتی فراڈ سے محفوظ رہیں اور جب انہوں نے سرمایہ کاری کرنی ہو تو باقاعدہ منظور شدہ سکیموں میں اپنا سرمایہ لگائیں۔

ان سیمینارز میں ورلڈ بینک، عارف حبیب ڈولمن رئیل سٹیٹ ٹرسٹ، نیل کیپٹل، میزان بینک، پاکستان مرکنٹائل ایکس چینج، جوبلی لائف انشورنس اور دیگر اداروں کے پیشہ ور ماہرین نے لیکچر زدئے۔ شرکا نے ان تمام سیشنز میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا اور ماہرین نے ان کے مختلف سوالات کے جوابات دئے۔ان سیمینار میں ملک کے معاشی صورتحال اور کیپیٹ مارکیٹ میں بڑھتے ہوئے امکانات پر بھی بحث کی گئی۔

ان سیمینار میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، بحریہ یونیورسٹی، کامسیٹس، لاہور بزنس سکول، فاسٹ، نسٹ، نمل، پائیڈ، بارانی یونیورسٹی راولپنڈی، فاطمہ جناح یونیورسٹی، یونیورسٹی آف مالاکنڈ، گورنمنٹ کالج یونیوسٹی فیصل آباد، پریسٹن یونی ورسٹی ،بنوں یونیورسٹی اور دیگر کئی یونی ورسٹی کے اساتذہ نے شرکت کی۔